## سوال

(388) پانچ رضعات کی صورت

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ان پانچ رضعات کی کیا صورت ہوتی ہے ' جن سے دودھ پینے والا بچہ دودھ پلانے والی عورت کے بچوں کا بھائی بن جاتا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح قول یہ ہے کہ ایک رضعہ یہ ہوتا ہے کہ بچہ اپنے منہ کے ساتھ پستان کو پکڑے اور اسے سے دودھ چوسے اور پھر چھوڑ دے خواہ سیر ہویا نہیں اور خواہ وہ از خود چھوڑ دے یا عورت نے اس کے منہ سے پستان کو نکال دیا ہو یا اس کے منہ میں دوسرا پستان دے دیا ہو ' الغرض رضعہ پستان کو منہ میں ڈال کر نکال دینا ہے اور جب بچہ پانچ بار اس طرح کرے تو وہ بچہ مرضعہ کا بیٹا بن جائیگا ' خواہ ان پانچ رضعات سے وہ سیر نہ بھی ہوا ہو اور خواہ اس نے یہ پانچ رضعات ایک ہی مجلس میں پورے کر لئے ہوں ۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ ایک رضعہ یہ ہے کہ بچہ ایک بار سیر ہو کر دودھ پیے لیکن پہلا قول زیادہ مشہور ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ

## کتاب الرضاع : جلد 3 صفحہ 361

محدث فتویٰ